WE HAVE NO BRANCH
خالص سونے کے زیورات کیلئے ایک قابل اعتماد نام
زیور محل جیولرس
ZEVAR MAHAL Jewellers
Unit of Zar Zevar Mahal (P) Ltd
53, Muzaffar Ahmed St. (Ripon St.), Kol-700016
Mobile : 9831111037 / 9831577940, Ph. No.: 2229-0104

Aawami News
Urdu Daily Ranchi-Kolkata-Patna
Website : www.live7tv.com
Group Editor : Aziz Burney
अवामी न्यूज़

# روزنامہ عوامی نیوز


کوئی بھی مشورہ یا شکایت کیلئے رابطہ کریں
directoraawaminews@gmail.com
بے باک صحافت کا علمبردار
₹5/- only
کوئی بھی خبر، تصویر، اطلاع، اعلان ہمیں اس واٹس ایپ نمبر پر ارسال کریں
9102122786
شادی، سالگرہ اور بچوں کی سالگرہ کی تصویر ہمیں Email کریں

Titas® FOOTWEAR

Pages-12 ● 63 :شمارہ ● 12 :جلد ● KOLKATA ● Thursday, 6th March 2025 ● RNI No. WBURD/2014/56804 ● E-mail- News: aawaminewskolkata@gmail.com, Advt : kolkataadvt@gmail.com, Ph. 033-46034477 / 40651166, Fax : 033-4062-8332 ● ۱۴۴۶ھ ● بمطابق ۵ رمضان ● کلکتہ ● جمعرات، ۶ / مارچ ۲۰۲۵ء

## ممتا بنرجی آکسفورڈ یونیورسٹی میں لیکچر دیں گی

### آئندہ 21 مارچ کو دبئی سے ہوتے ہوئے وہ لندن جائیں گی



کولکاتا 5 مارچ: وزیراعلیٰ ممتا بنرجی آکسفورڈ یونیورسٹی کی دعوت پر آئندہ 21 مارچ کو لندن کے سفر پر وہ دوبئی سے ہوتے ہوئے لندن پہنچیں گی۔ باوثوق ذرائع کے مطابق، اس بار غیر ممالک کی سفر میں وہ صنعتی ترقی سے متعلق بھی خصوصی میٹنگ کریں گی۔ یاد رہے کہ جب سے ممتا بنرجی اقتدار میں آئی ہیں تب سے وہ پابندی کے ساتھ گلوبل بزنس اجتماع بھی کی ہیں۔ دیش، بدیش سے بڑے بڑے کاروباری بھی ممتا کے دعوت پر یہاں آچکے ہیں اور آ بھی رہے ہیں۔ کاروباری سرمایہ کاری بھی وہ کر رہے ہیں۔ گزشتہ 2023 سال میں بھی وہ یہاں بڑے بڑے سرمایہ کاروں کوراغب کرنے کے لئے اسپین کا سفر کر چکی ہیں اور اس بار بھی لاتعداد صنعت کار یہاں آیے اور سرمایہ کاری بھی کی اور اب وہ (باقی صفحہ 10 پر)

## مہاراشٹر میں گیلین بیری سنڈروم کا پھیلاؤ، 11 افراد ہلاک، 193 متاثر

ممبئی 5 / مارچ: مہاراشٹر میں گیلین بیری سنڈروم (جی بی ایس) کے کیسز میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے، جس کے باعث ریاستی محکمہ صحت نے الرٹ جاری کیا ہے۔ اب تک 193 تصدیق شدہ کیسز سامنے آئے ہیں، جبکہ 29 افراد کو مشتبہ کیسز کے طور پر درج کیا گیا ہے۔ اس بیماری کے سبب اب تک 11 اموات ہو چکی ہیں، جن میں سے 6 کی تصدیق جی بی ایس سے ہوئی ہے، جبکہ 5 اموات مشتبہ کیسز میں شامل ہیں۔ سب سے زیادہ متاثرہ علاقے پونے اور اس کے مضافات ہیں۔ پونے میونسپل (باقی صفحہ 10 پر)

## ادے ندھی کا مرکز پر مسلمانوں کی جائیداد ہتھیانے کا الزام، کہا۔ 'روزانہ دی جاتی ہے اذیت'

چنئی 5 / مارچ: تمل ناڈو کے نائب وزیراعلیٰ ادے ندھی اسٹالن نے مرکز کی بی جے پی حکومت پر سخت حملہ کرتے ہوئے الزام لگایا کہ وہ روزانہ ایسی پالیسیاں لا رہی ہے جو اقلیتی برادریوں کو نشانہ بناتی ہیں۔ وہ منگل کو چنئی کے رائے اپیٹا میں واقع وائی ایم سی اے گراؤنڈ میں تمل ناڈو وقف بورڈ کے زیر اہتمام افطار تقریب میں شریک تھے۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ رمضان کے مقدس مہینے میں ایک دوسرے کو مبارکباد دینا باعثِ مسرت ہے، چاہے کچھ لوگ اس پر ناراض ہی کیوں نہ ہوں۔

ادے ندھی نے دراوڑ تحریک اور اسلامی برادری کے تاریخی تعلقات پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ سابق وزیراعلیٰ ایم کرونا ندھی اور کائد ملیتھ کے درمیان قریبی دوستی تھی۔ کرونا ندھی ہمیشہ مسلم کمیونٹی کی بھلائی کے لیے فکرمند رہتے تھے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وزیراعلیٰ ایم کے اسٹالن نے ریاستی اسمبلی میں شہریت ترمیمی قانون (سی اے اے) کے خلاف قرارداد بھی منظور کرائی ہے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ بی جے (باقی صفحہ 10 پر)

## اسرائیلی فوج نے مغربی کنارے میں حماس کمانڈر کو ہلاک کر دیا

رام اللہ، 5 مارچ (یو این آئی) اسرائیلی فوج نے منگل کو شمالی مغربی کنارے کے شہر جنین کے مشرق میں بڑے پیمانے پر فوجی آپریشن کے دوران قاسم بریگیڈز کے ایک سینئر کمانڈر اور ایک دیگر فلسطینی کو ہلاک کر دیا۔ فلسطینی سیکیورٹی ذرائع اور عینی شاہدین کے مطابق، اسرائیلی فورسز نے جنین کے مشرقی محلے میں کئی (باقی صفحہ 10 پر)

دعائے افطار اَللّٰھُمَّ لَکَ صُمْتُ وَبِکَ اٰمَنْتُ وَعَلَیْکَ تَوَکَّلْتُ وَعَلٰی رِزْقِکَ اَفْطَرْتُ
دعائے سحری وَبِصَوْمِ غَدٍ نَّوَیْتُ مِنْ شَھْرِ رَمَضَانَ

وقت سحر 04:32 — وقت افطار 05:46

رمضان مبارک

بِصَوْمِ غَدٍ نَوَیْتُ مِنْ شَھْرِ رَمَضَانَ ★ اَللّٰھُمَّ لَکَ صُمْتُ وَبِکَ اٰمَنْتُ وَعَلَیْکَ تَوَکَّلْتُ وَعَلٰی رِزْقِکَ اَفْطَرْتُ

| رمضان | ختم سحری | مارچ | وقت افطار |
|---|---|---|---|
| 05 | 04 32 | 06 | 05 46 |

Titas® FOOTWEAR
Can't Stop Walking!
Latest Festive Collection
available at all leading Footwear Store

تمام خریداروں کو تہہ دل سے رمضان کی مبارکباد
وشال
چنا بیسن اور ستّو
VS TRADE MARK
Vishal Premium Quality Chana Besan
100% خالص بیسن
Vishal Sattu and Chana Besan
Contact for Dealer & Distributorship
+91 - 9831045145

Nargis BRAND
AMMAN BRAND MEHRA BROS
نرگس اعلیٰ معیاری لنگیاں
امّان گولڈ لنگیاں
NARGIS TEXTILES PVT. LTD. KOLKATA

پہاڑ چند اینڈ کمپنی کی نئے نئے ڈیزائنوں میں پکّے رنگ کی آرامدہ لنگی استعمال کریں۔
911 مارکہ لنگی
Tarana
CHENNAI LUNGIES Reg. No. 1591964
तराना
Tarana
তরানা
PAHAR CHAND & COMPANY
5, TARA CHAND DUTTA STREET, KOLKATA - 700 073
رمضان مبارک
Tarana LUNGIES
PAHAR CHAND & COMPANY
MADE IN INDIA
911
CHENNAI LUNGIES
5, TARA CHAND DUTTA STREET, KOLKATA - 700 073
Tarana 100 X 100 ROYALE SUPER COMBED COTTON
ترانہ مارکہ لنگی
100 x 100 EXECUTIVE SUPER COMBED COTTON
PAHARCHAND & COMPANY
5, Tarachand Dutta Street, Kolkata-700073

# رمضان وروزہ کے فضائل ومسائل

مفتی رفیق الاسلام مصباحی، مٹیا برج کولکاتا




اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کے صدقے میں اس امت کو بے شمار انعامات واکرامات سے نوازا، جن میں ایک خاص انعام ماہ رمضان ہے۔ یہ پورا مہینہ ہی رحمت، مغفرت اور جہنم کی آزادی سے عبارت ہے۔ اسی مقدس مہینہ میں وہ پیاری عبادت جسے ہم روزہ کہتے ہیں، انجام دی جاتی ہے، جس کے بے شمار دینی ودنیاوی فائدے ہیں۔ ارکان اسلام کا ایک اہم رکن روزہ ہے، اس کے فضائل میں بکثرت آیات قرآنیہ وارد ہیں، ان میں سے چند ذکر کی جاتی ہیں: اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ترجمہ: اے ایمان والو! تم پر روزے فرض کئے گئے جیسے اگلوں پر فرض ہوئے تھے کہ کہیں تمہیں پرہیز گاری ملے۔ گنتی کے دن ہیں، تو تم میں جو کوئی بیمار یا سفر میں ہو تو اتنے روزے اور دنوں میں اور جنھیں اس کی طاقت نہ ہو، وہ بدلہ دیں ایک مسکین کا کھانا پھر جو اپنی طرف سے نیکی زیادہ کرے تو وہ اس کے لیے بہتر ہے اور روزہ رکھنا تمہارے لیے زیادہ بھلا ہے، اگر تم جانو۔ رمضان کا مہینہ جس میں قرآن اُترا لوگوں کے لیے ہدایت اور رہنمائی اور فیصلہ کی روشن باتیں تو تم میں جو کوئی یہ (رمضان کا) مہینہ پائے ضرور اس کے روزے رکھے اور جو بیمار یا سفر میں ہو تو اتنے روزے اور دنوں میں، اللہ تم پر آسانی چاہتا ہے اور تم پر دشواری نہیں چاہتا اور اس لیے کہ تم گنتی پوری کرو اور اللہ (عزوجل) کی بڑائی بولو اس پر کہ اس نے تمہیں ہدایت کی اور کہیں تم حق گزار ہو۔ (سورہ بقرہ، آیت نمبر: ۱۸۳تا۱۸۵)

پیارے آقا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بھی اس کی بڑی فضیلتیں بیان فرمائی ہیں، ذیل میں صرف چند حدیثوں کا ترجمہ درج کیا جارہا ہے: ترمذی شریف میں ہے: جب ماہِ رمضان کی پہلی رات آتی ہے تو شیاطین اور سرکش جن قید کر لیے جاتے ہیں اور جہنم کے دروازے بند کردیے جاتے ہیں تو ان میں سے کوئی دروازہ کھولا نہیں جاتا اور جنت کے دروازے کھول دیے جاتے ہیں تو ان میں سے کوئی دروازہ بند نہیں کیا جاتا اور منادی پکارتا ہے، اے خیر طلب کرنے والے! متوجہ ہو اور اے شر کے چاہنے والے! باز رہ اور کچھ لوگ جہنم سے آزاد ہوتے ہیں اور یہ ہر رات میں ہوتا ہے۔ (جامع ترمذی، ابواب الصوم، ج۲، ص:۱۵۵، حدیث: ۶۸۲) حضرت ابومسعود غفاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ایک طویل حدیث مروی ہے، اسی میں یہ بات بھی ہے، کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ”اگر بندوں کو معلوم ہوتا کہ رمضان کیا چیز ہے تو میری امت تمنا کرتی کہ پورا سال رمضان ہی ہو۔“ (صحیح ابن خزیمہ، کتاب الصیام، ج۳، ص:۱۹۰، حدیث:۱۸۸۶) حضرت سہل بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں: جنت میں آٹھ دروازے ہیں، ان میں ایک دروازہ کا نام رَیّان ہے، اس دروازہ سے وہی جائیں گے جو روزے رکھتے ہیں۔ (صحیح بخاری، کتاب بدء الخلق حدیث: ۳۲۵۷ ج۲، ص:۳۹۴) نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں: رمضان کا پہلا عشرہ (پہلے کے دس دن) رحمت کا ہے، دوسرا عشرہ مغفرت کا ہے اور تیسرا عشرہ جہنم سے آزادی کا ہے (شعب الایمان حدیث نمبر: ۳۶۰۸) آقا کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں: جب رمضان کی پہلی رات ہوتی ہے، اللہ تعالیٰ اپنی مخلوق کی طرف نظر فرماتا ہے اور جب اللہ تعالیٰ کسی بندے کی طرف نظر فرمائے تو اسے کبھی عذاب نہ دے گا اور ہر روز دس لاکھ کو جہنم سے آزاد فرماتا ہے اور جب انتیسویں رات ہوتی ہے تو مہینے بھر میں جتنے آزاد کئے، ان کے مجموعہ کے برابر اس ایک رات میں آزاد فرماتا ہے پھر جب عید الفطر کی رات آتی ہے، ملائکہ خوشی کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ اپنے نور کی خاص تجلی فرماتا ہے، فرشتوں سے فرماتا ہے: اے گروہ ملائکہ! اس مزدور کا کیا بدلہ ہے، جس نے پورا کام کرلیا۔ فرشتے عرض کرتے ہیں، اس کو پورا اجر دیا جائے۔ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے: میں تمہیں گواہ کرتا ہوں کہ میں نے ان سب کو بخش دیا (کنز العمال، حدیث نمبر: ۲۳۷۰۲) حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے، کہ رسول گرامی وقار صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: روزہ اور قرآن بندہ کے لیے شفاعت کریں گے، روزہ کہے گا، اے رب عزوجل! میں نے کھانے اور خواہشوں سے دن میں اسے روکے رکھا، میری شفاعت اس کے حق میں قبول فرما۔ قرآن کہے گا، اے رب عزوجل! میں نے اسے رات میں سونے سے باز رکھا، میری شفاعت اس کے بارے میں قبول کر۔ دونوں کی شفاعتیں قبول ہوں گی (مسند امام احمد بن حنبل، مسند عبداللہ بن عمرو بن العاص، ج۲ ص:۵۸۶، حدیث:۶۶۳۷)

**مسئلہ**: رمضان، نذر معین اور نفل کے روزوں کی ادائیگی کے لیے نیت کا وقت غروب آفتاب سے ضحوۂ کبریٰ تک ہے، اس دوران جب نیت کرلے، یہ روزے ہوجائیں گے۔ لہٰذا آفتاب ڈوبنے سے پہلے نیت کی کہ کل روزہ رکھوں گا پھر بے ہوش ہوگیا اور ضحوۂ کبریٰ کے بعد ہوش آیا تو یہ روزہ نہیں ہوا اور آفتاب ڈوبنے کے بعد نیت کی تھی تو روزہ ہوگیا۔ (ملخصاً، بہار شریعت، ج۱ حصہ پنجم، ص:۹۶۷) **مسئلہ**: ضحوۂ کبریٰ نیت کا وقت نہیں، بلکہ اس سے پیشتر ہی نیت کرلینا ضروری ہے اور اگر خاص اسی وقت یعنی جس وقت آفتاب خط نصف النہار شرعی پر پہنچا تھا، نیت کیا تو روزہ نہیں ہوا۔ (ملخصاً، بہار شریعت، ج۱ حصہ پنجم، ص:۹۶۷) **مسئلہ**: جس طرح اور جگہ بتایا گیا کہ نیت دل کے پکے ارادہ کا نام ہے، زبان سے کہنا شرط نہیں۔ یہاں بھی وہی مراد ہے مگر زبان سے کہہ لینا مستحب ہے۔ (ملخصاً، بہار شریعت، ج۱ حصہ پنجم، ص:۹۶۸) **مسئلہ**: سحری کھانا بھی نیت ہے، چاہے رمضان کے روزے کے لیے ہو یا کسی اور روزہ کے لیے، مگر جب سحری کھاتے وقت یہ ارادہ ہے کہ صبح کو روزہ نہیں رکھے گا تو یہ سحری کھانا نیت میں شمار نہیں ہوگا۔ (الجوہرۃ النیرۃ، کتاب الصوم، ص:۱۷۶) **مسئلہ**: رمضان کے مہینے میں کوئی اور روزہ رکھا اور اسے یہ معلوم نہ تھا کہ یہ ماہ رمضان ہے، جب بھی رمضان ہی کا روزہ ہوا۔ (ایضا) **مسئلہ**: رمضان کا روزہ قصداً توڑا تھا تو اس پر اس روزے کی قضا ہے اور ساٹھ روزے کفارہ کے۔ اب اس نے اکسٹھ روزے رکھ لیے، قضا کا دن معین نہ کیا تو بھی ہوگیا۔ (ملخصاً، بہار شریعت، ج۱ حصہ پنجم، ص:۹۷۰) **مسئلہ**: بھول کر کھایا یا پیا یا جماع کیا تو روزہ فاسد نہیں ہوا۔ چاہے وہ روزہ فرض ہو یا نفل۔ (ملخصاً، بہار شریعت، ج۱ حصہ پنجم، ص:۹۸۱) **مسئلہ**: مکھی یا دھواں یا غبار حلق میں چلے جانے سے روزہ نہیں ٹوٹتا۔ چاہے وہ غبار آٹے کا ہو جو کہ چکی پیسنے یا چھاننے میں اڑتا ہے یا غلہ کا غبار ہو یا جانوروں کے کھر یا ٹاپ سے غبار اڑ کر حلق میں پہنچا، اگرچہ روزہ دار ہونا یاد تھا تب بھی روزہ نہیں ٹوٹے گا اور اگر خود جان بوجھ کر دھواں پہنچایا تو روزہ فاسد ہوگیا جبکہ روزہ دار ہونا یاد ہو، خواہ وہ کسی چیز کا دھواں ہو اور کسی طرح پہنچایا ہو۔ (ایضا) **مسئلہ**: اگر بتی سلگ رہی تھی، کسی نے منہ قریب کرکے دھوئیں کو ناک سے کھینچا تو روزہ جاتا رہا۔ یوہیں حقہ پینے سے بھی روزہ ٹوٹ جاتا ہے، اگر روزہ یاد ہو، اور حقہ پینے والا اگر حقہ پئے گا تو کفارہ بھی لازم آئے گا۔ (ایضا) **مسئلہ**: حقہ، بیڑی، سگریٹ وغیرہ پینے سے روزہ جاتا رہتا ہے، اگرچہ اپنے خیال میں حلق تک دھواں نہ پہنچاتا ہو، بلکہ پان یا صرف تمباکو کھانے سے بھی روزہ جاتا رہے گا، اگرچہ پیک تھوک دی ہو اس لیے کہ اس کے باریک اجزا ضرور حلق میں پہنچتے ہیں (ایضا) **مسئلہ**: جان بوجھ کر منھ بھر قے کی اور روزہ دار ہونا یاد ہے تو مطلقاً روزہ جاتا رہا اور اس سے کم قے کی تو روزہ نہیں ٹوٹا۔ اور اگر بلا اختیار قے ہوگئی تو اگر منھ بھر نہ ہو تو روزہ نہ گیا، اگرچہ لوٹ کر حلق میں چلی گئی ہو یا خود اس نے جان بوجھ کر لوٹائی ہو۔ اور اگر منھ بھر قے ہے اور اس نے جان بوجھ کر حلق میں لوٹائی تو اگرچہ اس میں سے صرف چنے برابر حلق سے اتری ہو تو روزہ ٹوٹ جائے گا ورنہ نہیں ٹوٹے گا۔ (ملخصاً، بہار شریعت، ج۱، حصہ پنجم، ص:۹۸۸) **مسئلہ**: فتاویٰ رضویہ میں ہے: تمباکو کو جسے کھینی کہا جاتا ہے منہ میں رکھنے کو روزہ توڑنے والا بتایا ہے، گُل بھی اسی قسم کی ہے، کھینی کی طرح اس کا بھی لوگ استعمال کرتے ہیں اس لیے اس کا استعمال بھی مفسد صوم ہے۔ (فتاویٰ رضویہ، ج۴، ص:۵۸۷) **مسئلہ**: تحقیق یہ ہے کہ انجکشن سے روزہ نہیں ٹوٹتا چاہے انجکشن رَگ میں لگایا جائے یا گوشت میں بہر حال روزہ نہیں ٹوٹتا کیوں کہ روزہ کے بارے میں قاعدہ کلیہ یہ ہے کہ کھانے، پینے اور جماع کے علاوہ روزہ کو توڑنے والی صرف وہ دوا اور غذا ہے جو مسامات اور رگوں کے علاوہ کسی مَنْفَذْ (سوراخ) سے صرف دماغ یا پیٹ میں پہنچے۔ **مسئلہ**: روزے کی حالت میں خون ٹیسٹ کرانا جائز ہے اور اس میں کوئی کراہت بھی نہیں ہے کیوں کہ ٹیسٹ کے لیے معمولی خون لیا جاتا ہے جس سے ضعف کا کوئی اندیشہ نہیں ہوتا۔ **مسئلہ**: روزے کی حالت میں بلڈ بینک میں خون کا عطیہ دینا مکروہ وممنوع ہے؛ اس لیے کہ خون عطیہ دینے کی صورت میں ۲۵۰ء سے ۳۰۰ء ملی لیٹر تک خون نکال لیا جاتا ہے جس سے روزہ دار کو کمزوری لاحق ہونے کا قوی اندیشہ ہوتا ہے۔ **مسئلہ**: کسی کی جان بچانے کے لیے بحالت روزہ خون دینا جائز ہے اس لیے کہ شریعت میں جس طرح سے اپنی ضرورت کا لحاظ رکھا گیا ہے اسی طرح دوسرے مسلمان کی ضرورت کا بھی لحاظ رکھا گیا ہے۔ ہاں! اگر اس کے علاوہ کوئی غیر روزہ دار خون دینے کے لیے مل جائے اور اس کا خون مریض کے لیے کافی ہو یا رات میں بھی خون دینے کی گنجائش ہو تو اس صورت میں بحالت روزہ خون دینا مکروہ ہوگا۔ بہار شریعت میں ہے: ”رمضان کے دنوں میں ایسا کام کرنا جائز نہیں جس سے ایسا ضعف (کمزوری) آجائے کہ روزہ توڑنے کا ظن غالب ہو۔ لہٰذا نانبائی کو چاہیے کہ وہ دوپہر تک روٹی پکائے پھر باقی دن میں آرام کرے (درمختار) **روزہ کی نیت یوں کرے**: نویت اَنْ اَصُوْمَ غَداً لِلّٰہِ تَعَالیٰ مِنْ فَرْضِ رَمَضَانَ ھٰذَا. یعنی میں نے نیت کی کہ اللہ عزوجل کے لیے اس رمضان کا فرض روزہ کل رکھوں گا۔ **بسم اللہ پڑھ کر روزہ افطار کرلے پھر یہ دعا پڑھے**: اَللّٰھُمَّ اِنِّی لَکَ صُمْت وَبِکَ اٰمَنْت وَعَلَیْکَ تَوَکَّلْت وَعَلٰی رِزْقِکَ اَفْطَرْت۔ اے اللہ! میں نے تیرے لئے روزہ رکھا اور تجھ پر ایمان لایا اور تجھ ہی پر بھروسہ کیا اور تیرے رزق پر افطار کیا۔

# ٹرمپ سے جھڑپ کے بعد زیلنسکی نے برطانوی وزیراعظم کی حمایت حاصل کرلی

خورشید فرازی



اس وقت امریکہ اور تمام یورپی یونین میں شدت کے ساتھ اس حقیقت کو محسوس کیا جارہا ہے کہ امریکی عوام نے ڈونالڈ ٹرمپ جیسے ضدی، ہٹ دھرم اور جنگ باز ملکوں کے سرپرست کو دوسری مرتبہ صدر بنا کر انہوں نے جھک ماری ہے کیونکہ ان کے خیال میں ٹرمپ ایک ایسا حکمراں ہے جس کا اوپری خانہ بالکل خالی ہے لیکن اتنا بھی خالی نہیں ہے کہ اپنے دشمنوں کو یونہی نظرانداز کردے بلکہ وہ انہیں اپنی سمجھ سے میٹھی چھری سے مارنے پر یقین رکھتا ہے۔ اس حقیقت سے تو سبھی واقف ہیں کہ امریکہ کے سابق ملعون صدر جو بائیڈن جس کی جنگ باز ذہنی سوچ اور دوغلی پالیسی نے پورے غزہ پٹی کو قبرستان بنا کر رکھ دیا۔ وہ چاہتا تھا کہ پورے غزہ سٹی کے علاوہ دیگر اسلامی ممالک پر بھی ہاتھ صاف کردے اور اگر وہ دوسری معیاد کے لئے نامزدگی داخل کرنے میں کامیاب ہوتا اور صدر بن جاتا تو پورے مغربی ایشیا میں قبرستان ہی قبرستان نظر آتے اور وہ اسرائیل کے کندھے پر بندوق رکھ کر تمام اسلامی ممالک بشمول ایران پر بھی ہاتھ صاف کرنے کی کوشش کرتا۔ دوسری طرف ایران، کی بات کی جائے تو ہر ایرانی صرف مرنا یا مارنا جانتا ہے اور وہ کسی کی بھی جی حضوری کرکے زندہ نہیں رہنا چاہتا۔ جو بائیڈن جس کی پالیسی سے روسی صدر ولادیمیر پوتن کو سخت اختلاف تھا اور وہ وقفے وقفے سے امریکہ کو دھمکیاں دیتا رہا تھا۔ جب روس نے یوکرین پر چڑھائی کردی اور یوکرین جو کہ سابق سوویت یونین سے الگ ایک آزاد جمہوریہ تھا اس نے روس کی اس حرکت کے خلاف خود کو سرنگوں نہیں کیا بلکہ اس کے خلاف باقاعدہ مرو یا مارو والی پالیسی اپنا لی تو یوکرینی صدر ولادیمیر پوتن کی اس ہمت اور علم بغاوت کا سبھی اعتراف کرنے پر مجبور ہو گئے کہ روس کے مقابلے میں یوکرین کی حیثیت آٹے میں نمک کے برابر تھی لیکن اسی نمک نے آٹے کا رنگ بدل دیا۔ اس صورت حال پر امریکی صدر جو بائیڈن نے کھربوں ملین ڈالر کے ہتھیار، میزائیل، بندوقیں، گولہ بارود، پیٹن ٹینک، دستی بم وغیرہ فراہم کردیئے بلکہ 300 جنگی ہیلی کاپٹر اور طیارے بھی دیئے اور روس کو اس جنگ میں پسپائی ہونے لگی اور روسی صدر پوتن نے دل میں ٹھان لی کہ کسی طرح سے امریکی صدر کو ہٹایا جائے اور اس کے لئے ضروری تھا کہ نائب صدر کملا ہیرس کو ابھارا جاتا اور احکمرآں جماعت کو یہ تاثر دیا جاتا کہ جو بائیڈن اب حد درجہ ضعیف ہوچکے ہیں اور حکومت کا کام سنبھالنا اب ان کے بس کی بات نہیں رہ گئی ہے لہٰذا ایک طرف ری پبلکن کو بھڑکا دیا اور دوسری طرف ڈیموکریٹ سے بھی یہ بات کہلوادی کہ اب بائیڈن کی عمر اس لائق نہیں رہی کہ 80 سال سے زیادہ عمر کا شخص کوئی کام کاج سنبھال سکتا ہے۔ بہرکیف بائیڈن کے ہٹ جانے کے بعد ٹرمپ کیلئے کملا ہیرس کو شکست دینا کوئی مشکل کام نہ تھا۔ اور ٹرمپ نے حسب توقع جیت حاصل کرلی تو پھر وہ کیونکر یوکرین کی حمایت کرتا۔ لہٰذا یوکرینی صدر زیلنسکی جب ٹرمپ سے ملنے گئے تو ان دونوں میں جھڑپ ہو گئی۔ ٹرمپ معدنیاتی سدے کے تحت یوکرین کو ہتھیار دینے والا تھا لیکن زیلنسکی معاہدے میں دستخط کئے بغیر واپس چلے گئے جس کے بعد ٹرمپ نے اعلان کردیا کہ یوکرین کو مزید مدد نہیں ملے گی اور اس صورت حال میں زیلنسکی نے برطانوی وزیراعظم کیٹر اسٹارمر سے ملاقات کی اور کھربوں ڈالر کے ہتھیار اور میزائیلیں دینے کا وعدے کر لیا جس سے ٹرمپ کو شدید دھچکا پہنچا اور اس صورت حال میں حالات اور بھی بگڑ گئے اور ایسے میں روس کے ساتھ یوکرین کی جنگ جاری رہ سکتی ہے اور جس طرح کے حالات ظہور پذیر ہورہے ہیں اس سے یہ ثابت ہورہا ہے کہ تیسری عالم گیر جنگ اب زیادہ دور نہیں ہے۔ ٹرمپ اس بات کو ہرگز برداشت نہیں کرسکتا کہ کوئی اسے دھتکار کر دوسرے سے رابطہ کرلے اور حالات روس کے خلاف جائیں لہٰذا یہ بھی ممکن ہے روس کی جنگ میں امریکہ خد کو شامل کرلے لیکن دوسری طرف یوروپین برادری بھی ٹرمپ کے خلاف محاذ آرائی پر آمادہ ہوچکی ہے۔



روزنامہ عوامی نیوز
کولکاتا | جمعرات، ۶ مارچ ۲۰۲۵ء

# چین کے یوگھرس فرقہ کے مسلمانوں کے ساتھ حکومت چین کا جانوروں سے بدتر سلوک

ڈاکٹر ممتا من اعلیٰ جو مشرقی ترکستان کے صدر تھے اور اس وقت واشنگٹن ڈی سی میں جلاوطنی کی زندگی گزار رہے تھے۔ انہوں نے ایک اخبار واشنگٹن پوسٹ کے صفحہ اول میں شائع ایک خبر کی سرخی پر اپنے شدید رنج وغم کا اظہار کیا۔ اخبار کی وہ سرخی تھی ”آٹھ سال ہوگئے مگر....“ یہ خبر چین کے حکمرانوں سے متعلق تھی، جس میں لکھا گیا تھا کہ گزشتہ آٹھ برسوں سے چین کے یوگھرس فرقہ سے تعلق رکھنے والوں سے متعلق تھی۔ وہ یوگھرس فرقہ مسلمانوں کا ہے اور اس مسلم فرقے پر چین کے حکمراں، امراء طبقہ گزشتہ آٹھ برسوں سے اس قدر ظلم وستم کرتے رہے ہیں جس کی مثال نہیں ملے گی۔ یوگھرس فرقہ کے مسلمانوں پر چینی حکمراں اس حد تک ظلم وستم کرتے رہے، جیل میں ہفتوں بھوکا پیاسا رکھتے کہ بہت سارے یوگھرس مسلمان موت سے گلے جاملتے۔ لیکن ان پر کوئی رحم نہیں ہوتا۔ اگر امراء طبقہ کے لوگ ان مسلمانوں کو کسی بھی تنازعات وفساد کے دوران گولی مار کر ہلاک کردیتے ہوان پر کوئی کیس نہیں ہوتا بلکہ وہ معاملہ عدالت تک بھی نہیں پہنچتا بلکہ یوگھرس مسلمانوں کے قتل پر کسی بھی عدالت میں کیس نہیں ہوتا اور نہ ہی کسی وکیل کو اس کی اجازت تھی کہ وہ یوگھرس مسلمانوں کا کیس ہینڈل کریں۔ چینی حکومت کی اجازت سے وقفے وقفے سے چین میں یوگھرس فرقہ کے مسلمانوں کا قتل عام ہوا اور تعداد اموات ہر موقع پر دس ہزار سے زیادہ ہوتی۔ لیکن آج تک ایک بھی معاملہ عدالت تک نہیں پہنچا، خود چین کی عدالتیں چاہے وہ ہائی کورٹ ہو یا سپریم کورٹ، ان کے جج صاحبان ایسے کسی کیس کو سماعت کے لئے داخل ہی نہیں ہونے دیتے جو معاملہ یوگھرس فرقہ پر ظلم وستم، ان کے قتل عام کا معاملہ ہوتا تھا۔ چینی حکومت نے یوگھرس فرقہ سے متعلق اپنی پالیسی جو روا رکھی تھی اس میں ہنوز کوئی تبدیلی نہیں ہوئی ہے۔ امریکہ میں مختلف ممالک میں جو اقلیتی فرقے کا قتل عام ہوتا رہتا ہے اس کی پوری تفصیل مع فوٹو گراف ایک میوزیم میں محفوظ رکھی گئی ہے۔ ممکن ہے امریکہ کے اس میوزیم میں انڈیا کے گجرات فساد 2002 کی تفصیل مع تمام فوٹو گراف اور اس وقت کے کٹر مسلم دشمن وزیر اعلیٰ نریندر مودی کی تصویر بھی محفوظ رکھی گئی ہو جن پر سرکاری اعانت سے گجرات فساد کو چار مہینوں تک مسلسل جاری رکھا گیا تھا اور اس وقت کے وزیر اعظم اٹل بہاری واجپئی نے گجرات حکومت اور انتظامیہ پر سخت لعنت ملامت کی تھی کہ وہ چار مہینوں سے جاری فسادات کو روکنے میں ناکام رہے لیکن وہ ناکام کیسے ہوئے جبکہ خود ان کے اشارے پر سرکاری اعانت سے فساد کو بھڑکایا گیا تھا۔

ڈاکٹر ممتا من اعلیٰ اپنے میڈیا پلاٹ فارم X میں لکھا کہ واشنگٹن پوسٹ کی رپورٹ میں لکھا گیا کہ یوگھرس مسلمانوں کا بحران ان کی تباہی بربادی کا بغور جائزہ لیا جائے تو صاف طور پر پتہ چلا جائے گا کہ چینی حکومت کس طرح سے یوگھرس فرقہ کے مظلوم مسلمانوں پر اذیت رسانی کی حد کرتی ہے۔ چینی حکومت مسلمانوں کی مسجدوں سے بھی نالاں ہے اور اکثر وبیشتر مختلف حیلے بہانے پر مسجدوں کے آئمہ کرام وموذنوں کے خلاف جھوٹے کیس عائد کئے جاتے ہیں، یوگھرس فرقہ کے مسلمانوں کی حالت چینی میں وہی ہے جو ہندستان میں دلتوں اور مسلمانوں کی ہے اور اگر کوئی غیر ملکی نامہ نگار یا انٹرنیشنل سطح پر جانے پہچانے صحافی یا اقوام متحدہ کے کسی نمائندے تک یہ بات پہنچ جائے تو وہ یقیناً سوال ضرور کرے گا اور حکومت چین سے یہ پوچھنے کی جسارت ضرور کرے گا کہ اتنے بڑے پیمانے پر وقفے وقفے سے یوگھرس فرقے کے مسلمانوں کا جو قتل عام ہوتا ہے تو حکومت نے اس کے خلاف اب تک کوئی کارروائی کیوں نہیں کی اور کیوں نہ قتل عام میں ملوث لوگوں کو انصاف کی عدالت تک لایا گیا لیکن پوچھنے والے کو اس وقت زبردست شرمندگی اور خجالت کا سامنا کرنا پڑتا ہے جب ملک کی تمام عدالتیں اس سرکاری فرمان (نوٹی فیکشن) کی طرف توجہ مرکوز کراتیں جس میں صاف لکھا ہوتا ہے کہ یوگھرس مسلمانوں کے خلاف کسی بھی کارروائی کی کسی بھی عدالت میں شنوائی نہیں ہوگی۔ ڈاکٹر اعلیٰ نے واشنگٹن ٹائمز کی رپورٹ کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ اس رپورٹ نے پورے طور پر اس کا خلاصہ نہیں کیا ہے کہ چین کی جیلوں میں کتنے لاکھ یوگھرس مسلمان برسوں سے بغیر کسی کیس کی سماعت کے قید ہیں اور جیل میں انہیں جو کچھ کھانے کے لئے ملتا ہے اسے سونگھنے کے بعد کتا بھی اسے کھانے سے انکار کردے۔ ویسے تو ایسی خبریں 1960 سے چواین لائی کے دور سے سننے کو ملتی تھیں کہ چین میں مسلمانوں کے ساتھ انتہائی برا اور انسانیت سے بعید سلوک ہوتا ہے، لیکن چینی حکمراں اس قدر جانوروں سے بھی گئے گزرے ہوں گے اس کا اندازہ کسی کو بھی نہیں تھا۔ (خ الف ف)

